© rasailojaraid.com

مولانا عبدالرشید عراقی
سوہدرہ گوجرانوالہ

# دفاع حدیث اور علمائے اہلحدیث

شیخ الحدیث مولانا محمد اسمٰعیل السلفی اپنی کتاب "جماعت اسلامی کا نظریہ حدیث" میں لکھتے ہیں کہ حدیث کا انکار مختلف ادوار میں کیا گیا جس کی تفصیل درج ذیل ہے۔

۲۰۰ھ میں خوارج نے اہل بیعت کے فضائل میں احادیث کا انکار کیا اور شیعہ حضرات نے ان احادیث کا انکار کیا جو صحابہ کرام کے فضائل میں تھیں اور معتزلہ اور جہمیہ نے ان احادیث کو ماننے سے انکار کیا جن کا تعلق صفات الٰہی سے تھا۔

۱۳۰۳ھ کے قریب قریب برصغیر (پاک و ہند) میں کئی حضرات نے مختلف طریقوں سے احادیث کا انکار کیا جس کی تفصیل یہ ہے:

(۱) یورپین تہذیب سے مرعوب گروہ مولوی چراغ علی اور سر سید احمد خاں وغیرہ۔ یہ حضرات فن سے قطعاً ناواقف تھے۔ ان کی تحقیق میں احادیث تاریخ کا ذخیرہ ہیں جو ان کی نیچر کے موافق ہوا قبول کر لیا، جو مخالف ہوا ترک کر دیا۔

(۲) مولوی عبداللہ چکڑالوی، مستری محمد رمضان گوجرانوالہ، مولوی حشمت علی لاہوری، مولوی رفیع الدین ملتانی وغیرہ۔

ان حضرات نے احادیث کا بالکلیہ انکار کر دیا۔

(۳) مولوی احمد الدین امرتسری، حافظ محمد اسلم جے راج پوری (افسانہ از مقالہ نگار) مسٹر غلام احمد پرویز وغیرہ۔

یہ حضرات سرسید سے متاثر ہیں، لیکن جاہل اور غیر محتاط۔ ان کے نزدیک قرآن و سنت اور پورا دین ایک کھیل ہے یا زیادہ سے زیادہ ایک سیاسی نظریہ جسے ہر وقت ہمیں بدلنے کا حق ہے۔ مولوی احمد الدین بعض متواتر اعمال کو مستثنیٰ سمجھتے تھے۔

(۴) مولانا شبلی مرحوم، مولانا حمید الدین فراہی، مولانا ابوالاعلیٰ مودودی، مولانا امین احسن اصلاحی اور عام فرزندان ندوۃ باستثنائے حضرت سید سلیمان ندوی رحمہ اللہ علیہ۔

یہ حضرات حدیث کے منکر نہیں لیکن ان کے انداز فکر سے حدیث کا استخفاف اور استحقار معلوم ہوتا ہے اور طریقہ گفتگو سے انکار کے چور دروازے کھل سکتے ہیں۔

(حجیت حدیث ص ۱۱۳، ۱۱۴)

## علمائے دیوبند

علمائے دیوبند حدیث کے منکر نہیں۔ لیکن حدیث پر ان کی تنقید کا سلسلہ شروع سے جاری ہے۔ آئے دن امام حدیث محمد بن اسمٰعیل بخاری اور ان کی مایہ ناز کتاب الجامع الصحیح البخاری پر تنقید کا سلسلہ جاری رہتا ہے۔

## علمائے اہلحدیث کی طرف سے دفاع

برصغیر (پاک و ہند) کے علمائے اہلحدیث نے حدیث کی حفاظت و صیانت اور اس کے دفاع میں جو کارہائے نمایاں انجام دیئے ہیں۔ وہ تاریخ اہلحدیث کا ایک روشن باب ہے۔

ذیل میں علمائے اہلحدیث نے حدیث کے دفاع میں جو تحریری خدمات انجام دی ہیں ان کا تذکرہ کیا ہے۔

### مولانا عبدالرحمان مبارکپوری

۱۔ اعلام اہل الزمن من تبصرہ آثار السنن
۲۔ ابکار المنن فی تنقید آثار السنن (عربی)

### مولانا ابوالمکارم محمد علی معنویؒ

۳۔ القول الماثور فی اثبات احادیث الصدور ملقب "دقائق الاسرار فی رد حقائق الاخبار"
۴۔ لوامع الانوار فی تائید دقائق الاسرار
۵۔ التعقب الحسن علی المولوی ظہیر احسن
۶۔ الجواب الاحسن عن الکلام المستحسن
۷۔ افادات الحنفاء فی الکذابین والضعفاء



© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com

**مولانا محمد سعید محدث بنارسیؒ**

۸۔ ہدایۃ القلوب القاسیہ فی رد گلزار آسیہ

۹۔ الشیع ءالری بالرد علی عبدالحی

۱۰۔ دفع بہتان العظیم عن حدیث رسول الکریم

**مولانا ابوالوفا ثناء اللہ امرتسری**

۱۱۔ دلیل الفرقان بجواب اہل القرآن

۱۲۔ حدیث نبوی اور تقلید شخصی

۱۳۔ برہان القرآن

۱۴۔ حجیت حدیث اور اتباع الرسول

۱۵۔ خاکساری تحریک اور اس کا بانی

۱۶۔ خطاب مودودی

۱۷۔ دفاع عن الحدیث

۱۸۔ برہان الحدیث باحسن الحدیث

۱۹۔ بیان الحق بجواب بلاغ الحق

۲۰۔ تصدیق الحدیث (۳ جلد)

۲۱۔ صلوٰۃ المومنین بجواب رسالہ صلوٰۃ المرسلین

**مولانا محمد ابراہیم میر سیالکوٹی**

۲۲۔ مناظرہ

**مولانا ابوالقاسم سیف بنارسی**

۲۳۔ حل مشکلات بخاری مسمی بہ الکوثر البخاری فی جواب الجرح علی البخاری

۲۴۔ الامر المبرم لابطال الکلام المحکم

۲۵۔ ماء حمیم المولوی عمر کریم

۲۶۔ صراط مستقیم لہدایہ عمر کریم

۲۷۔ السریح العقیم لسم بناء عمر کریم

۲۸۔ الخزی العظیم للمولوی عمر کریم

۲۹۔ العرجون القدیم فی افشاء عمر کریم

۳۰۔ الجرح علی ابی حنیفہؒ

۳۱۔ دفع بہتان العظیم

۳۲۔ السیر الحثیث فی براءۃ اہل الحدیث

**مولانا عبدالجلیل سامروری**

۳۳۔ الباعث الحثیث فی مفص علم الحدیث واہل الحدیث (عربی)

**مولانا نذیر احمد عراقی رملوی رحمانی**

۳۴۔ جواب تقلید

**مولانا حافظ عبداللہ امرتسری روپڑی**

۳۵۔ مودودیت اور احادیث نبویہ

**مولانا محمد انیس ندوی**

۳۶۔ اللھات الی ما انوار الباری من الظلمات (۵ جلد)

**مولانا عبدالصمد حسین آبادی**

۳۷۔ تائید حدیث بجواب تنقید حدیث

۳۸۔ شرف حدیث

۳۹۔ شان حدیث

**مولانا محمد داؤد راز دہلوی**

۴۰۔ مسلک اہل حدیث

۴۱۔ خالص اسلام

۴۲۔ تحریک جماعت اسلامی کا پس منظر

**مولانا محمد اسماعیل السلفی**

۴۳۔ امام بخاری کا مسلک

۴۴۔ واقعہ افک

۴۵۔ سنت قرآن کے آئینہ میں

۴۶۔ مقام حدیث

۴۷۔ حدیث کی تشریعی اہمیت

۴۸۔ حجیت حدیث آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی سیرت کی روشنی میں

۴۹۔ جماعت اسلامی کا نظریہ حدیث

۵۰۔ حجیت حدیث

**مولانا عبدالعزیز رحمانی**

۵۱۔ صحیح اسلام بجواب دو اسلام

**مولانا حافظ محمد گوندلوی**

۵۲۔ تنقید المسائل

۵۳۔ دوام حدیث

۵۴۔ رسالہ جواب دو اسلام

**مولانا محمد صادق سیالکوٹی**

۵۵۔ ضرب حدیث

۵۶۔ اعجاز حدیث

**مولانا عبدالرؤف رحمانی جھنڈا نگری**

۵۷۔ نصرۃ الباری فی بیان صحۃ البخاری

۵۸۔ صیانۃ الحدیث (۲ جلد)

**مولانا صفی الرحمان مبارکپوری**

۵۹۔ انکار حدیث

۶۰۔ انکار حدیث کیوں

**مولانا عبدالستار عمرپوری**

۶۱۔ اثبات الخبر

**مولانا ابوسعید شرف الدین دہلوی**

۶۲۔ برق اسلام

**مولانا فضل اللہ مدراسی**

۶۳۔ الرد علی اہل القرآن

**مولانا عبدالغفار حسن**

۶۴۔ عظمت حدیث

**مولانا سید ابوبکر غزنوی**

۶۵۔ کتابت حدیث

**مولانا محمد خالد سیف**

۶۶۔ کتاب حدیث تا عہد تابعین

**مولانا محمد حنیف ندوی**

۶۷۔ مطالعہ حدیث

**مولانا ارشاد الحق اثری**

۶۸۔ احادیث صحیح بخاری، مسلم کو مذہبی داستانیں بنانے کی ناکام کوشش

۶۹۔ امام بخاری پر بعض اعتراضات کا جائزہ



© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com

## مقالات

علمائے اہل حدیث نے بے شمار مقالات حدیث نبوی ﷺ کی تائید و حمایت اور دفاع میں جماعتی اخبارات و رسائل یعنی اہل حدیث امرتسر' اخبار محمدی دہلی' اہل حدیث گزٹ دہلی' محدث دہلی' ضیاء السنۃ کلکتہ' تنظیم اہلحدیث روپڑ' صحیفہ اہلحدیث دہلی' محدث بنارس' اہل حدیث دہلی' الاسلام دہلی' اہلحدیث لاہور' الاسلام لاہور' محدث لاہور' مسلمان سوہدرہ' الاعتصام لاہور' صحیفہ اہلحدیث کراچی' تنظیم اہلحدیث لاہور' المنبر فیصل آباد' جریدہ اہلحدیث سوہدرہ' تعلیم الاسلام ماموں کانجن' ترجمان الحدیث لاہور۔ فیصل آباد' ترجمان السنۃ لاہور' جامعہ ابراہیم سیالکوٹ اور حرمین جہلم میں لکھے۔

لکھنے والوں میں مولانا محمد جوناگڑھی' مولانا عبداللہ ثانی امرتسری' مولانا محمد اسمٰعیل السّلفی' مولانا عبدالمجید سوہدروی' مولانا نور حسین گھرجاکھی' مولانا محمد حنیف ندوی' مولانا محمد عطاء اللہ حنیف' مولانا محمد اسحاق حسین خانوالہ' مولانا عبدالرشید راشد ہزاروی' مولانا سید ابوبکر غزنوی' پروفیسر عبدالقیوم' مولانا قاضی محمد اسلم سیف' ابو یحیٰی امام خان نوشہروی' ابوالمحور ہدایت اللہ سوہدروی' پروفیسر حکیم عنایت اللہ نسیم سوہدروی' مولانا محمد عبدہ الفلاح' مولانا اسحاق بھٹی' مولانا ثناء اللہ مدنی' مولانا حافظ نعیم الحق نعیم' حافظ عبدالرحمان مدنی' حافظ صلاح دین یوسف' مولانا ابو الاشبال شاغف کراچی' مولانا صفی الرحمان مبارکپوری' مولانا محمد مستقیم سلفی بنارسی' مولانا مقتدیٰ حسن الازہری' شیخ الحدیث مولانا محمد علی جانباز' مولانا عبدالرشید اظہر' مولانا ارشاد الحق اثری' مولانا محمد ادریس فاروقی سوہدروی' مولانا عبدالعظیم انصاری' مولانا محمد اشرف جاوید' مولانا محی الدین مقصودی بی اے' مولانا محمد علی قصوری' مولانا عبدالستار دہلوی' مولانا محمد صادق خلیل' علامہ احسان الٰہی ظہیر' مولانا بشیر انصاری' مولانا حکیم عبدالرحیم اشرف اور مولانا عبیداللہ حنیف وغیرھم شامل ہیں۔

## دعائے صحت

مولانا قاری محمد ایوب فیروزپوری' امیر مرکزی جمعیت اہلحدیث ضلع خانیوال کافی عرصہ سے علیل ہیں۔ قارئین ترجمان سے دعائے صحت کی اپیل ہے

**مورخہ 21 نومبر بروز اتوار بعد از نماز ظہر**

**بمقام: جامعہ بحر العلوم السّلفیہ سیٹلائٹ ٹاؤن میرپورخاص سندھ**

# تقریب تکمیل صحیح بخاری شریف

## درس بخاری شریف

**حضرت مولانا ارشاد الحق اثری** ارشاد فرمائیں گے۔

**بعد از نماز عشاء جماعت کے معروف علماء کرام خطاب فرمائیں گے۔**

**داعی الی الخیر: مہتمم جامعہ بحر العلوم السّلفیہ میرپورخاص سندھ**

# ماہنامہ ترجمان کے خریدار متوجہ ہوں

جن حضرات کا سالانہ چندہ ختم ہو گیا ہے یا وہ حضرات جن کو چند ماہ سے اعزازی ارسال کیا جارہا ہے۔ اپنا سالانہ چندہ 100 روپے بذریعہ منی آرڈر ارسال فرمائیں۔ بصورت دیگر ماہ دسمبر کا شمارہ ارسال کرنے سے ادارہ قاصر ہوگا۔ (ادارہ)



© rasailojaraid.com